مئی 2025ء میں کاشتکاروں کے لئے زرعی موسمیاتی مشورے

ماہ اپریل میں ملک کے اکثر زرعی میدانوں میں معمول سے کم بارشیں ریکارڈ ہوئیں جس کیوجہ سے فصل میں موجود نمی میں مزید کمی ہوئی اور بیشتر علاقوں میں کھڑی فصلوں، سبزیوں اور باغات کی نشوونما متاثر ہوئی۔ اس دوران پنجاب اور سندھ کے بیشتر حصوں میں گندم اور دیگر موسمی فصلوں کی کٹائی اور کٹائی کے بعد کے مراحل مکمل کیے گئے۔

مئی کے مہینے میں معمول سے کم بارشیں متوقع ہیں جس کی وجہ سے گرمی کی شدت میں مزید اضافہ کا امکان ہے۔ اس ماہ میں ملک بھر کے زرعی علاقوں میں کپاس کی کاشت جاری ہے۔ لہٰذا، آئندہ خریف کی فصلوں، سبزیوں اور باغات کے لیے خصوصاً نمی کی کمی والے علاقوں میں اضافی آبپاشی کی ضرورت ہو گی۔

کاشتکار حضرات اپنی سہولت کیلئے مندرجہ ذیل زرعی موسمیاتی مشورے ملحوظ خاطر رکھیں۔

۱۔ مئی کے موسمی حالات نہایت غیر یقینی ہوتے ہیں لہذا فصلوں کی گہائی کا عمل موسمی پیشگوئی کے عین مطابق کریں۔ متوقع بارش کی صورت میں اکٹھی کی ہوئی گندم کو اگر ممکن ہو تو پلاسٹک سے ڈھانپ لیں کیونکہ بارش سے اناج اور بھوسے کا معیار بری طرح متاثر ہوتا ہے۔

۲۔ گندم کی فصل سے فارغ ہونے والے کھیت کو ہل چلا کر کھلا نہ چھوڑیں بلکہ سہاگہ چلا کر لیول کر دیں تاکہ مئی کے مہینے میں بڑھتی ہوئی شرح تبخیر زمین سے زیادہ پانی کے ضیاع کا سبب نہ بنے۔ خاص کر خودرو جڑی بوٹیوں کو زمین میں دبا دیں یا اکٹھا کر کے آگ لگا دیں۔ اگر بارش ہو گی تو زمین زیادہ پانی جذب کرنے کی صلاحیت رکھتی ہو گی ورنہ پانی جذب ہونے کی بجائے بہہ کر دوسرے کھیتوں میں چلا جائے گا۔ بارانی علاقوں کے کسانوں کیلئے یہ طریقہ بے حد مفید ثابت ہو گا۔

۳۔ کپاس کے کاشت کے علاقوں میں بوائی کا عمل بروقت مکمل کرنے کی کوشش کیجائے اور متوقع بارش ہونے کی صورت میں بارانی علاقوں جہاں مونگ پھلی کاشت کی جاتی ہے وہاں کسان فوری طور پر مونگ پھلی کاشت کر دیں تاکہ دستیاب وتر سے فائدہ اٹھایا جاسکے۔

۴۔ وسطی و زیریں پنجاب اور سندھ میں گرمی کی شدت میں اضافے کے پیش نظر نہری علاقوں کے کسان کھڑی فصلوں کے پانی کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے آبپاشی کا بندوبست کر لیں۔

۵۔ اپنی تمام ترکھیتی باڑی موسمی پیشگوئیوں کے مطابق کریں۔ موسمی پیشگوئیوں کے سلسلے میں محکمہ موسمیات کے یوٹیوب چینل (پی ایم ڈی ویدر چینل)، اخبار، ریڈیو، ٹیلیویژن سے مربوط رہیں اور اگر کوئی زرعی موسمیاتی مسئلہ درپیش ہو تو ہمارے مندرجہ ذیل دفاتر آپ کی بخوبی مدد کر سکتے ہیں۔

۱۔ نیشنل ایگرومیٹ سنیٹر پی۔او۔ بکس نمبر 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلام آباد۔ فون نمبر: 051-9250299

۲۔ نیشنل فورکاسٹنگ سنیٹر برائے زراعت، پی۔او۔ بکس، 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلا آباد۔ فون نمبر: 4- 9250363 -051

۳۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، نزد بارانی یونیورسٹی، مری روڈ، راولپنڈی۔ فون نمبر: 051-9292149

۴۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایوب ریسرچ انسٹیٹیوٹ، جھنگ روڈ، فیصل آباد۔ فون نمبر: 041-9201803

۵۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ٹنڈو جام۔ فون نمبر: 0305-3097337

٦۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، سریاب روڈ، کوئٹہ۔ فون نمبر: 081-9211205

تفصیلی موسمی معلومات کیلئے محکمہ موسمیات کی ویب سائٹ **www.pmd.gov.pk** ملاحظہ فرمائیں۔